| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ___________ | ہفتہ: 1، دن: 1 | تاریخ: ___________ | وقت: 40 منٹ |

## سبق کا نام: تعارف

### مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- نئی جماعت میں اپنا تعارف کروا سکیں۔
- ساتھیوں کو جماعت میں خوش آمدید کہ سکیں۔
- اپنی معاشرتی علوم کی کتاب سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، سوال نامہ

### تحریکی سرگرمی: 10 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

پہلے دِن کو ایک دوسرے سے تعارف کے لیے مخصوص رکھیں تاکہ طلبہ ایک دوسرے کو جان سکیں اور نئی جماعت کا پہلا دِن اُن کے لیے خوش گوار ہو سکے۔ تمام طلبہ کو نئی جماعت میں آنے پر مبارک باد دیں اور گرم جوشی سے خوش آمدید کہیں۔

### تدریسی طریقہ کار: 22 منٹ

- بچّوں سے کہیں کہ باری باری جماعت کے سامنے آئیں، اپنا تعارف کروائیں اور اپنی پسند و ناپسند بھی بتائیں۔ بچّوں کو بتائیں کہ وہ اپنا تعارف کیسے کروائیں گے۔
- میرا نام ___________ ہے۔
- میں ___________ جماعت میں پڑھتا ہوں اور میرے دوست کا نام ___________ ہے۔
- میرا پسندیدہ مضمون ___________ ہے۔
- میری پسندیدہ ٹیچر کا نام ___________ ہے۔
- میرا پسندیدہ کھیل/ پھل، سبزی وغیرہ ___________ ہے۔
- میرا پسندیدہ مشغلہ ___________ ہے۔
- میرا پسندیدہ مضمون ___________ ہے۔
- ایک دوسرے کے بارے میں جاننے میں طلبہ کی مدد کریں۔
- طلبہ سے کہیں کہ دیا گیا سوالنامہ حل کریں۔

- اس کے بعد تختۂ تحریر پر ''معاشرتی علوم'' نمایاں کر کے لکھیں۔
- طلبہ کو مضمون کے متعلق بتائیں کہ اس مضمون میں وہ کیا کیا پڑھیں گے۔
- طلبہ کو معاشرتی علوم کی کتاب کے اندرونی صفحات اور ان پر دی گئی تصاویر دکھا کر ان کے متعلق سوالات پوچھیں۔
- بچّوں کو بتائیں کہ کتاب ہماری سب سے اچھی دوست ہوتی ہے۔ ہمیں اس کی حفاظت کرنی چاہیے، اس کا احترام کرنا چاہیے اور اسے کبھی نیچے نہیں پھینکنا یا پھاڑنا نہیں چاہیے۔

**سوالنامہ:** **8 منٹ**

1. آپ کا نام کیا ہے؟ ________________
2. آپ کہاں رہتے ہیں؟ ________________
3. آپ کے والد کا کیا نام ہے؟ ________________
4. آپ کی عمر کیا ہے؟ ________________
5. آپ کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟ ________________
6. آپ کہاں پیدا ہوئے؟ (شہر یا گاؤں کا نام) ________________
7. آپ کے کتنے بہن بھائی ہیں؟ بہن ______ بھائی ______
8. آپ کی پسندیدہ چیزیں کون سی ہیں؟

کھانا ________ رنگ ________ کھیل ________

9. آپ کو اپنے اسکول کے بارے میں کیا پسند ہے؟ ________________
10. اپنی کوئی سب سے اچھی بات لکھیں۔ ________________
11. اس سال کے لیے آپ کا عزم کیا ہے؟ ________________
12. آپ اپنے اُستاد سے کیا توقعات رکھتے ہیں؟ ________________

**جائزہ:**

N/A

| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ___________ | ہفتہ: 1، دن: 2 | تاریخ: ___________ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: شہریت (Citizenship) | سبق کا نام: شہریت اور انسانی حقوق (Citizenship and Human Rights) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- شہری (Citizen)، عالمی شہری (Global Citizen) اور ڈیجیٹل شہری (Digital/Cyber Citizen) کے تصوّر کی تعریف اور ان میں فرق کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** **5 منٹ**

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

بچّوں کو سبق کا تعارف کروائیں اور بتائیں اس سبق میں وہ شہری، عالمی شہری اور ڈیجیٹل/سائبر شہری کے متعلق پڑھیں گے۔

بچّوں سے پوچھیں کہ وہ کہاں پیدا ہوئے؟ وہ کس ملک کے شہری ہیں؟ اچھا شہری کون ہوتا ہے؟ اِن سوالات کے جوابات سُن کر بچّوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25 منٹ**

- طلبہ کو بتائیں کہ پاکستان ہمارا پیارا ملک ہے۔ یہ ہماری پہچان ہے۔ ہم اس ملک کے شہری (Citizen) ہیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 3 اور 4 پڑھوائیں اور سبق کی وضاحت کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ شہریت کا تصوّر سب سے پہلے قدیم یونانیوں نے پیش کیا۔ شہریت کا تصوّر سمجھاتے ہوئے طلبہ کو بتائیں کہ شہریت اس حق کو کہتے ہیں جس کی بنیاد پر ایک فرد کو کسی ملک میں معاشی، سیاسی اور معاشرتی حقوق حاصل ہوں۔ پاکستان کی ریاست اگر کسی فرد کو یہ تمام حقوق دیتی ہے تو اِس کا مطلب ہے کہ وہ فرد پاکستان کا شہری ہے۔
- تختۂ تحریر پر تین کالم بنا کر اِن میں شہری، عالمی شہری اور ڈیجیٹل شہری کی اصطلاحوں کی تعریفیں لکھیں اور ان میں فرق طلبہ کو واضح کریں۔
- طلبہ کو تفصیل سے بتائیں کہ شہری کسی خاص ملک کا باشندہ ہوتا ہے جب کہ عالمی شہری، عالمی برادری کا حصّہ ہوتا ہے اور عالمی سطح پر مساوات، برابری اور اَمن کو فروغ دیتا ہے۔ اِسی طرح انٹرنیٹ اور دیگر ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذرائع کو مؤثر

طریقے سے استعمال کرتے ہوئے دوسرے ملکوں کی سماجی، سیاسی اور معاشی سرگرمیوں میں حصّہ لینے والا شخص ڈیجیٹل شہری کہلاتا ہے۔

- طلبہ کو عالمی شہری اور ڈیجیٹل شہری کی ذمہ داریوں کے بارے میں بتائیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

طلبہ کو پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

- شہریت کسے کہتے ہیں؟
- شہری اور عالمی شہری میں کیا فرق ہوتا ہے؟
- ڈیجیٹل شہری کو انٹرنیٹ استعمال کرتے ہوئے کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پاکستان کے شہری ہونے کے ناطے آپ پر کون کون سی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں؟ پانچ سے سات سطروں میں اپنی کاپی میں لکھیں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 1، دن: 3 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: شہریت (Citizenship) | سبق کا نام: شہریت اور انسانی حقوق (Citizenship and Human Rights) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- شہری (Citizen)، عالمی شہری (Global Citizen) اور ڈیجیٹل شہری (Digital/Cyber Citizen) کے تصوّر کی تعریف اور ان میں فرق کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے مختلف سوالات کریں تاکہ طلبہ کی فہم کا جائزہ لیا جا سکے۔ جیسے:
  - شہری کسے کہتے ہیں؟
  - عالمی شہری کی کیا کیا ذمہ داریاں ہوتی ہیں؟
- ان سوالات کے جوابات سُن کر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25 منٹ

- بچوں کو شہری اور عالمی شہری میں فرق کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 3 اور 4 سے عالمی شہری اور اس کی ذمہ داریوں کا متن پڑھائیں۔
- انھیں بتائیں شہری سے مراد وہ فرد ہوتا ہے جو کسی ملک میں رہائش پذیر ہو، جہاں اُسے تمام سیاسی، معاشی، معاشرتی اور بنیادی حقوق حاصل ہوں۔
- جب کہ عالمی شہری سے مراد وہ شہری ہے جو عالمی معاملات کے بارے میں آگاہی رکھتا ہے اور ان کو سمجھتا ہے۔
- بچوں کو بتائیں عالمی شہری عالمی سطح پر بہترین کردار ادا کرتے ہوئے مساوات، برابری اور امن کو فروغ دیتا ہے۔
- بچوں کو عظیم ذمّے دار شہری قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی مثال دیتے ہوئے بتائیں کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے برِصغیر کے مسلمانوں کی الگ پہچان کے لیے آواز اُٹھائی۔ بالآخر آپ رحمۃ اللہ علیہ کی قیادت میں پاکستان 14، اگست 1947ء کو دُنیا کے نقشے پر طلوع ہوا۔

- مزید بتائیں عظیم عالمی شہری ڈاکٹر روتھ فاؤ ایک جرمن معالج تھیں۔ انھوں نے پاکستان میں 57 سال تک اپنی خدمات پیش کیں اور جزام (کوڑھ) کے مرض کا خاتمہ کیا۔
- حکومتِ پاکستان نے انھیں ملک میں جزام کے مرض کے خاتمے پر ستارۂ قائدِ اعظم کے اعزاز سے نوازا۔
- بچوں کو بتائیں ایک اچھا شہری ہونے کے ناطے فرائض کی ادائی ہمارا مذہبی، قومی اور اخلاقی فریضہ ہے۔

**اعادہ** 3منٹ

سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** 5منٹ

- عالمی شہری سے کیا مراد ہے؟
- عالمی شہری کے ذمے چند فرائض کی نشان دہی کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ایک طالب علم کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریوں کا ایک چارٹ بنائیں اور کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ___________ | ہفتہ:2،دن:1 | اُستاد کا نام: ___________ |

| سبق کا نام: شہریت اور انسانی حقوق (Citizenship and Human Rights) | باب اوّل: شہریت (Citizenship) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- شہری(Citizen)،عالمی شہری(Global Citizen)اور ڈیجیٹل شہری(Digital/Cyber Citizen) کے تصوّر کی تعریف اور ان میں فرق کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے شہری اور عالمی شہری میں فرق پوچھیں۔
- بچوں سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 4 کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں آج ہم ڈیجیٹل شہری اور اس کی ذمہ داریوں کے تصور سے آگاہ ہوں گے۔
- انھیں بتائیں ایک ڈیجیٹل/سائبر شہری وہ ہوتا ہے جو ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے معاشی، سیاسی اور سماجی سرگرمیوں میں حصہ لیتا ہے۔
- انھیں بتائیں ٹیکنالوجی نے دنیا کو گلوبل ویلج بنا دیا ہے۔
- طلبہ کو گلوبل ویلج کا تصور واضح کرتے ہوئے بتائیں کہ لوگوں کا ذرائع ابلاغ اور برقی مواصلات کے ذریعے سے ایک دوسرے سے ہر وقت رابطے میں رہنا گلوبل ویلج کا مرہونِ منت ہے۔
- ڈیجیٹل شہریت میں اخلاقی اقدار اور باہمی تعاون کو فروغ دینا شامل ہے۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ کیا وہ سوشل میڈیا (فیس بک، وٹس ایپ) وغیرہ کا استعمال کرتے ہیں اور استعمال کرتے ہوئے کن چیزوں کا خیال رکھتے ہیں۔
- انھیں بتائیں ایک ڈیجیٹل شہری کے ذمے ہے کہ وہ:

- لوگوں کی ذاتی معلومات کا احترام اور تحفظ کرے۔
- غلط اور غیر اخلاقی معلومات پھیلانے سے گریز کرے۔
- انسانی حقوق کا احترام کرے۔
- دوسروں کی ساکھ اور کام کو نقصان نہ پہنچائے۔

**اعادہ** **3منٹ**

سبق کے اہم نکات کی دہرائی کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

- مشق کے سوال نمبر 2 کا پہلا سوال بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے جواب کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ___________ | ہفتہ:2، دن:2 | اُستاد کا نام: ___________ |

| باب اوّل: شہریت(Citizenship) | سبق کا نام: شہریت اور انسانی حقوق (Citizenship and Human Rights) |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- انسانی حقوق کی تعریف کر سکیں۔
- بنیادی انسانی حقوق کی وضاحت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے گزشتہ سبق کے بارے میں سوالات کریں۔
- سائبر شہری کسے کہتے ہیں؟
- سائبر شہری کی کیا کیا ذمے داریاں ہوتی ہیں؟
- انھیں بتائیں آج ہم انسانی حقوق اور بنیادی انسانی حقوق کے بارے میں پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 5 پر انسانی حقوق اور بنیادی انسانی حقوق کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا۔ اللہ تعالیٰ نے جب انسان کو اس دنیا میں بھیجا تو اس کی ہر ضرورت کا بھی خیال رکھا۔ یعنی پانی، ہوا، روشنی، حرارت جیسے بے شمار وسائل سے نوازا تا کہ انسان زمین پر اپنی زندگی گزار سکے۔
- اسلام بنیادی طور پر انسانوں کو چھے بنیادی حقوق دیتا ہے۔

  جان کا تحفظ، عزت و آبرو کا تحفظ، مال کا تحفظ، روزگار کا تحفظ، عقیدہ و مذہب کا تحفظ اور اولاد کا تحفظ۔
- یہ وہ بنیادی حقوق ہیں جن کے ذریعے انسان معاشرے میں پُر امن زندگی گزار سکتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں خوراک، لباس اور رہائش انسان کے بنیادی حقوق ہیں۔ ان کے علاوہ آزادی سے زندگی گزارنے اور یکساں بنیادی ضروریات کا حق دار ہونا بھی انھی بنیادی حقوق میں شامل ہے۔

- بچوں کو بتائیں انسانی حقوق وہ معیار ہیں جن کے تحت انسان یکساں اور بنیادی ضروریات و سہولیات کا حق دار ہوتا ہے۔
- بچوں کو عالمی ادارے اقوامِ متحدہ کے بارے میں بتائیں۔ اقوامِ متحدہ کے قیام کے تین بنیادی نکات درج ذیل ہیں: امن، ترقی اور انسانی حقوق کا تحفظ۔

**اعادہ** 3منٹ

سبق کے اہم نکات کی دہرائی کریں۔

**جائزہ:** 5منٹ

- مشق کے سوال نمبر 1 کا جزو (iii) طلبہ سے پوچھیں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے سرگرم تنظیموں کے بارے میں انٹرنیٹ سے استفادہ کریں اور ساتھیوں کی مدد سے رپورٹ بنائیں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ___________ | ہفتہ:2، دن:3 | تاریخ: ___________ | وقت:40 منٹ |

| باب اوّل: شہریت (Citizenship) | سبق کا نام: شہریت اور انسانی حقوق (Citizenship and Human Rights) |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حقوق اور ذمہ داریوں میں فرق کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ کی سبق میں آمادگی کے لیے ان سے سوالات پوچھیں۔

  (الف) انسانی حقوق سے کیا مراد ہے؟

  (ب) بنیادی انسانی حقوق کے بارے میں بتائیں۔
- بچوں کو بتائیں آج وہ حقوق اور ذمہ داریوں سے متعلق پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 5 تا 6 ''شہریوں کی ذمہ داریاں'' کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں حقوق کے ساتھ شہریوں کی کچھ ذمہ داریاں بھی ہوتی ہیں۔
- کسی کام کو درست طریقے سے انجام دینے یا مکمل کرنے کو ذمہ داری یا فرض کہتے ہیں۔
- بچوں سے بات چیت کریں، ایک طالب علم کی حیثیت سے ان پر کیا ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں؟ اُن سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں عبدالستار ایدھی نے ایک ذمے دار پاکستانی ہونے کی حیثیت سے دُکھی انسانی کی خدمت کی اور اس مقصد کے لیے فلاحی تنظیم ''ایدھی فاؤنڈیشن'' قائم کی۔
- یہ تنظیم پورے ملک میں اور ملک سے باہر پوری دنیا میں قدرتی آفات اور جنگوں سے متاثرہ انسانوں کو امداد فراہم کر رہی ہے۔
- بچوں کو بتائیں پاکستان کا شہری ہونے کے ناطے ہم سب پر یہ فرض ہے کہ:

- اپنے ملک کے اداروں کو مستحکم کریں۔
    - ملک کے وفادار رہیں۔
    - قانون کے احترام اور پابندی کے ساتھ ساتھ دوسروں کے حقوق اور رائے کا احترام کریں۔
    - عوامی مقامات مثلاً: اسپتالوں، پارکوں، ریلوے اسٹیشنوں، ہوائی اور بس اڈّوں سمیت ہر گلی، محلے کی صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

- سوال نمبر 2 کا جزو (ii) کاپی پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کرنی ہے۔

## ورک شیٹ

۱۔ ایک اچھے شہری کی کیا ذمہ داریاں ہوتی ہیں؟

________________________________________

________________________________________

________________________________________

۲۔ بطور پاکستانی آپ کے اہم فرائض کیا ہیں؟

________________________________________

________________________________________

________________________________________

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ___________ | ہفتہ: 3، دن: 1 | اُستاد کا نام: ___________ |

| سبق کا نام: تنوع اور رواداری (Diversity and Tolerance) | باب اوّل: شہریت (Citizenship) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- تنوع (Diversity) کی تعریف بیان کر سکیں اور معاشرے میں مختلف گروہوں کی اہم خصوصیات کی نشان دہی کر سکیں۔
- معاشرے کی خوش حالی میں تنوع کا کردار واضح کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے پوچھیں ان کا تعلق پاکستان کے کس صوبے سے ہے؟ اپنے علاقے کی نمایاں خصوصیات کے بارے میں بتائیں۔
- انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ تنوع کے بارے میں پڑھیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 8 پر متن کی پڑھائی کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں دُنیا کے کم و بیش ہر ملک میں مختلف رنگ و نسل سے تعلق رکھنے والے لوگ آباد ہیں۔ پاکستان میں بھی مختلف رنگ، نسل، مذہب، زبان اور علاقے سے تعلق رکھنے والے لوگ ایک ساتھ رہتے ہیں جہاں انھیں اپنے اپنے نظریات اور عقائد کے مطابق زندگی گزارنے کی مکمل آزادی حاصل ہے۔
- پاکستان اسلامی ریاست ہے یہاں مسلمانوں کے ساتھ غیر مسلم بھی آباد ہیں۔
- بچوں سے تنوع کے بارے میں پوچھیں۔ ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔
- بورڈ پر نمایاں کر کے تنوع کی تعریف لکھیں۔

"لوگوں کا رنگ، نسل، مذہب، زبان اور علاقے کے لحاظ سے ایک دوسرے سے مختلف ہونا، تنوع کہلاتا ہے۔"

- انھیں مزید بتائیں چونکہ اس طرح کے معاشرے جہاں مختلف نظریات، تجربات کے لوگ رہتے ہیں تو وہ الگ الگ صلاحیتوں اور خوبیوں کے مالک ہوتے ہیں اور معاشرے میں انہی صلاحیتوں کی بنا پر اعلیٰ درجے کا کردار ادا کرتے ہوئے ملک کی ترقّی اور خوشحالی کا سبب بنتے ہیں۔
- یہی لوگ معاشرتی اور ثقافتی اختلافات کو نظر انداز کرتے ہیں اور معاشرے میں ہم آہنگی، خوشحالی اور امن قائم کرتے ہیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

سبق کے اہم نکات کی دہرائی کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

- مشق میں سوال نمبر 1 کا (i) سوال بچوں سے پوچھیں اور جواب کاپیوں پر لکھوائیں۔ درست جواب لکھنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ایسے ممالک کی فہرست بنائیں جہاں متنوع ثقافتی گروہ آباد ہیں۔ فہرست مرتب کر کے جماعت میں لائیں اور ساتھی طلبہ کے ساتھ گفت گو کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ___________ | ہفتہ: 3، دن: 2 | اُستاد کا نام: ___________ |

| باب اوّل: شہریت (Citizenship) | سبق کا نام: تنوع اور رواداری (Diversity and Tolerance) |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- رواداری کی تعریف بیان کر سکیں۔
- معاشرتی اور ثقافتی فرق قبول کرتے ہوئے ایک دوسرے کے ساتھ ہم آہنگی سے رہنے کی اہمیت کی وضاحت کر سکیں۔
- گھر اور محلے کی سطح پر ذاتی اور گروہی اختلافِ رائے کی وجوہات کی شناخت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے گزشتہ سبق کے بارے میں سوالات پوچھیں:

(الف) تنوع سے کیا مراد ہے؟

(ب) پاکستان کے علاوہ جن ممالک میں کثیر الثقافتی گروہ آباد ہیں، ان کے نام بتائیں۔

(ج) معاشرے کی خوشحالی میں تنوع کا کردار واضح کریں۔

- بچوں سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- انھیں بتائیں آج وہ رواداری کے بارے میں پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ سے رواداری کے بارے میں پوچھیں۔ جواب نہ آنے کی صورت میں انھیں پہلے آسان الفاظ میں بتائیں کہ ایک دوسرے کی بات کو غور سے سُننا، ایک دوسرے کی ضروریات کا خیال رکھنا، رواداری کہلاتا ہے۔
- اب انھیں صفحہ نمبر 9 کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں معاشرے میں رواداری سے مراد وہاں موجود مختلف مذاہب، عقائد اور نظریات کا احترام کرنا ہے۔ مختصر یہ کہ معاشرے میں ثقافتی تنوع کو قبول کرنا، رواداری کہلاتا ہے۔

- رواداری کی بناء پر ہی رنگ، نسل اور زبان میں فرق ہونے کے باوجود سب معاشرے کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرتے ہیں۔ مل جُل کر رہتے ہیں اور معاشرے میں امن اور ترقّی کی فضا قائم کرتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں معاشرے میں چونکہ مختلف طرح کے لوگ اکٹھے رہتے ہیں تو کبھی کبھار ایک دوسرے کی باتوں سے بھی اختلاف پیدا ہو جاتا ہے۔
- انھیں بتائیں اس طرح کے اختلافِ رائے کے پیدا ہونے کی مختلف وجوہات ہو سکتی ہیں:
    - مفادات میں فرق ہونے پر
    - مذہبی یا ثقافتی تصادم ہونے پر
    - جانب دار رویّوں کی وجہ سے
    - مختلف نظریات اور تصوّرات کے مالک ہونے پر
- طلبہ کو بتائیں اختلافِ رائے کو بات چیت، امن و سکون اور رواداری سے ہی ختم کیا جا سکتا ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

- مشق میں سوال نمبر 2 کا پہلا سوال (i) بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے جواب کاپیوں پر لکھوائیں۔ درست جواب لکھنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

اپنے گھر، اسکول یا محلے میں پیش آنے والا کوئی ایسا واقعہ لکھیں جس میں آپ نے کسی بات سے اختلاف کیا ہو؟ اختلاف کی وجہ بھی لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: __________ | ہفتہ: 3، دن: 3 | تاریخ: __________ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: شہریت (Citizenship) | سبق کا نام: تنوع اور رواداری (Diversity and Tolerance) |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- امن (Peace) اور تنازع (Conflict) کی اصطلاحات کی تعریف بیان کر سکیں۔
- وضاحت کر سکیں کہ رویوں کے فرق سے تنازع پیدا ہوتا ہے اور امن متاثر ہوتا ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر / چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ کی ذہنی آمادگی کے لیے ان سے سوالات پوچھیں:

(الف) رواداری سے کیا مراد ہے؟

(ب) اختلافِ رائے پیدا ہونے کی کیا وجوہات ہیں؟

- انھیں بتائیں ایک صحت مند اور مثالی معاشرے کا قیام صرف ہم آہنگی سے ہی ممکن ہے۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم امن اور تنازع کے بارے میں پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- کتاب سے صفحہ نمبر 9 تا 10 امن اور تنازع کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں امن کے معانی سکون اور آپس میں صلح صفائی سے رہنے کے ہیں۔ امن سے معاشرے میں اعتماد، احترام اور سکون کی فضا قائم ہوتی ہے۔

جب کہ تنازع سے مراد لڑائی جھگڑا کرنا اور شدید اختلاف کی حالت کا ہونا ہے۔

- طلبہ کو بتائیں دوسروں کے بارے میں ہماری سوچ، خیالات، ہمارے رویوں کو تشکیل دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر ہم کسی کے بارے میں منفی رویہ رکھتے ہیں تو ہم اسے ہمیشہ غلط ہی سمجھیں گے جب کہ مثبت رویہ اور سوچ ہی دوسروں کے بارے میں مثبت رائے قائم کرنے میں مدد دیتا ہے۔

- طلبہ کو بتائیں امن کو قائم رکھنے کے لیے ہمیں ہمیشہ دوسروں کی رائے اور نظریات کا احترام کرنا چاہیے۔ ایک دوسرے کے حقوق کا خیال رکھنا چاہیے۔ سب کے ساتھ رحم دلی اور نرمی سے پیش آنا چاہیے۔ الغرض صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مصالحت اختیار کرنی چاہیے۔
- کیونکہ امن پسند معاشرے میں انسان ذہنی تناؤ سے آزاد صحت مند زندگی گزارتا ہے۔
- پُرامن معاشرے کو دنیا میں بھی عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور ملک بھی ترقی کی راہ پر گامزن ہوتا ہے۔
- اس کے برعکس جس معاشرے میں تنازعات لمبے عرصے تک موجود رہیں تو کئی مسائل جنم لیتے ہیں جن میں خانہ جنگی، قتل وغارت اور ذہنی دباؤ اور پریشانی شامل ہیں۔
- لہٰذا ایک مثالی معاشرے کی تشکیل کے لیے ہمیں آپس کے تنازعات کو ختم کر کے امن و امان سے رہنا ہو گا اور مثبت رویے اپنا کر اچھے شہری ہونے کا ثبوت دینا ہو گا۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 13 پر دی گئی سرگرمی نمبر 2 جماعت میں کروائیں۔

**اعادہ** **3 منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5 منٹ**

- سوال نمبر 1 میں دیا گیا سوال (ii) کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں اور ان کی فہم کا جائزہ لیں۔

**گھر کا کام:** **2 منٹ**

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

ا۔ امن کے فوائد اور تنازعات کے نقصانات پر روشنی ڈالیں۔

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ___________ | ہفتہ: 4، دن: 1 | تاریخ: ___________ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: شہریت (Citizenship) | سبق کا نام: تنوع اور رواداری (Diversity and Tolerance) |
| --- | --- |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ♦ بات چیت (Discussion) کے ذریعے سے تنازعات (Conflicts) کو حل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** **5 منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے گزشتہ سبق کے متعلق سوالات پوچھیں۔

(الف) امن کی تعریف کریں۔

(ب) تنازع سے کیا مراد ہے؟

(ج) مثال کے ذریعے بتائیں ہماری سوچ کس حد تک ہمارے رویّوں کی تشکیل میں مددگار ہوتی ہے۔ طلبہ سے سوالات کے جوابات لیں۔ درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25 منٹ**

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 10 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کسی بھی مسئلے کو بات چیت اور مذاکرات کے ذریعے سے حل کیا جا سکتا ہے کیونکہ بات کرنا کسی بھی مسئلے کے حل کی طرف پہلا قدم ہے۔ ہم اپنی سوچ اور احساسات کو مناسب الفاظ میں بیان کر کے بات چیت کا آغاز کر سکتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں بات چیت اور مذاکرات کے وقت چند باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔
- بات چیت کے لیے مناسب الفاظ کا استعمال کریں۔
- پہلے دوسروں کے دلائل سنیں پھر اپنے دلائل پیش کریں۔
- تنازع کے حل کے لیے مختلف تجاویز پر غور کرتے ہوئے مناسب حل کی نشان دہی کریں اور اس پر عمل کریں۔

- دوسروں کے نقطۂ نظر کو بھی اہمیت دیں۔
- اگر تنازع خود ختم نہ کر پائیں تو کسی غیر جانب دار ثالث سے فیصلہ کروائیں۔
- تنازعات کو حل کر کے ہی امن کو قائم کیا جاسکتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں بین الاقوامی ممالک کے درمیان تنازعات کے فیصلے اقوامِ متحدہ کرتی ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

- مشق کا سوال نمبر 1 کے سوال نمبر (iv) کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

ا۔ باہمی تنازعات کو ختم کرنے کے طریقے لکھیں۔

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ___________ | ہفتہ :4،دن :2 | تاریخ: ___________ | وقت :40منٹ |

| بابِ اوّل: شہریت (Citizenship) | سبق کا نام: تنوع اور رواداری (Diversity and Tolerance) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- تمدنی شعور کو مثالوں کے ذریعے سے واضح کر سکیں مثلاً: ٹریفک کے قوانین (Traffic Rules)، ماحول کی صفائی، واش (WASH) وغیرہ۔

**تدریسی معاونات:**

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** **5منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے ورک شیٹ کے بارے میں پوچھیں۔
- ان کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے سوال پوچھیں کہ وہ آپسی اختلافات کو کیسے حل کرتے ہیں؟
- تنازعات کو حل کرنے کے لیے کی جانے والی بات چیت کے دوران کن باتوں کو مد نظر رکھنا چاہیے؟
- طلبہ سے جوابات لیں۔ انھیں بتائیں آج وہ اُن طریقوں کے بارے میں پڑھیں گے جن پر عمل کر کے وہ اچھے شہری بن سکتے ہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25منٹ**

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 10 پر "تمدنی شعور اور ٹریفک" کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں ایک اچھے شہری میں تمدنی شعور کا موجود ہونا معاشرے کے لیے بہت ضروری ہوتا ہے۔
- بورڈ پر تمدنی شعور کی تعریف لکھیں۔

"معاشرے کے افراد میں آداب و اخلاقیات کا شعور اور احساسِ معاشرت کا پیدا ہونا، تمدنی شعور کہلاتا ہے۔"

- طلبہ کو بتائیں کسی معاشرے میں رہتے ہوئے جب لوگوں میں آداب و اخلاقیات کا شعور پیدا ہو جائے تو وہ تمدنی شعور کہلاتا ہے۔ دراصل تمدنی شعور اُن اصولوں سے آگاہی ہے جو معاشرے کی ترقی کے لیے ضروری ہیں۔ انھی اصولوں میں ٹریفک کے قوانین بھی شامل ہیں۔
- ٹریفک قوانین کی پابندی کے حوالے سے فلیش کارڈز طلبہ کو دیں اور ان سے ان کے بارے میں گفت گو کریں جیسے:

- سڑک پار کرتے ہوئے زیبرا کراسنگ کا استعمال کرنا۔
- سائیکل یا موٹر سائیکل چلاتے ہوئے ہیلمٹ پہننا۔
- سڑک پر پیدل چلنے کے لیے فٹ پاتھ کا استعمال۔
- گاڑی چلاتے ہوئے سیٹ بیلٹ کا استعمال اور انتہائی بائیں لین میں گاڑی چلانا۔

- طلبہ کو بتائیں ٹریفک قوانین کی پابندی کرنا تمدنی شعور کے آداب میں سے ہے۔ان پر عمل کرکے ہم سب اچھے شہری ہونے کا ثبوت دے سکتے ہیں۔

**اعادہ** — **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** — **5منٹ**

- مشق کے سوال نمبر 1 میں دیا گیا سوال (iii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں اور کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** — **2منٹ**

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

**دی گئی تصاویر کی مدد سے ٹریفک قوانین کی وضاحت کریں۔**











| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ___________ | ہفتہ: 4، دن: 3 | اُستاد کا نام: ___________ |

| سبق کا نام: تنوع اور رواداری (Diversity and Tolerance) | باب اوّل: شہریت (Citizenship) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- تمدنی شعور کو مثالوں کے ذریعے سے واضح کر سکیں مثلاً: ٹریفک کے قوانین (Traffic Rules)، ماحول کی صفائی، واش (WASH) وغیرہ۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی: 5منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے طلبہ سے پوچھیں:

(الف) ٹریفک کے قوانین کی پابندی کیوں ضروری ہے؟

(ب) ٹریفک کے چند قوانین بتائیں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ تمدنی شعور رکھنے والا شہری اپنے ارد گرد کے ماحول کے ساتھ ساتھ اپنی بھی صحت و صفائی کا خیال رکھتا ہے۔

**تدریسی طریقہ کار: 25منٹ**

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 11 کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں صفائی کی اہمیت پر ہمارا مذہب اسلام بھی بہت زور دیتا ہے۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ صفائی کو بہت پسند کرتے تھے۔
- انھیں آگاہ کریں کہ ماحول کی صفائی کے لیے ضروری ہے کہ انفرادی اور اجتماعی طور پر سب ادارے کام کریں۔
- ہمارے ارد گرد صحت و صفائی کا نامناسب انتظام ہونے کی وجہ سے ہی صحت کی صورتِ حال ابتر ہوتی چلی جا رہی ہے۔ اس کی روک تھام کے لیے تمام اداروں اور ہمیں مناسب اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی (WASH) Water, Sanitation and Hygiene کا مخفف ہے۔

- طلبہ کو بتائیں (WASH) ایک عالمی پروگرام ہے جو صحت کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ ہنگامی صورتِ حال اور جان لیوا بیماریوں کی روک تھام کے لیے کام کرتا ہے۔
- اس پروگرام سے بنیادی مقاصد یہ ہیں:
  - پینے کے لیے صاف پانی کی فراہمی
  - جسمانی صفائی ستھرائی (رفع حاجت کی اہمیت سے واقفیت)
  - حفظانِ صحت کے اصولوں (صابن سے ہاتھ دھونا) پر عمل کو یقینی بنایا۔
- طلبہ کو بتائیں ان تمام اصولوں پر عمل درآمد کروانے کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے حوالے سے آگہی اور تربیت کے پروگراموں کا انعقاد ضروری ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

ماحول کی صفائی کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

- سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں۔
- تمدنی شعور رکھنے والا شہری ماحول کی صفائی میں کس طرح اپنا کردار ادا کرتا ہے؟
- WASH کس کا مخفف ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

ا۔ ماحول کی صفائی کے حوالے سے درج ذیل اقدامات کی وضاحت کریں۔








__________ __________ __________





| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ___________ | ہفتہ: 5، دن: 1 | اُستاد کا نام: ___________ |

| سبق کا نام: تنوع اور رواداری (Diversity and Tolerance) | باب اوّل: شہریت (Citizenship) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- عمومی آداب (Common Etiquettes) مثلاً: اخلاق و شائستگی، بڑوں کا احترام، دوسروں کی مدد، محنت کی عظمت اور نظم و ضبط وغیرہ کی شناخت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے پوچھیں ایک طالب علم کی حیثیت سے آپ کن عمومی آداب کا خیال رکھتے ہیں؟
- بچوں سے فرداً فرداً جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی بھی کریں۔
- انھیں بتائیں آج ہم چند عمومی آداب کے بارے میں پڑھیں گے جن پر عمل کر کے ہم اچھے شہری بن سکتے ہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 12 پر "عمومی آداب" کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ایک اچھا انسان ہمیشہ آداب کا خیال رکھتا ہے لہٰذا ہمیں بھی آداب کو اپنی زندگی کا لازمی جزو بنا لینا چاہیے:
  - جب کسی سے ملیں تو السلام علیکم کہیں۔
  - ہر ایک سے اچھے اخلاق سے پیش آئیں۔
  - وقت کی پابندی کریں۔
  - مشکل وقت میں دوسروں کی مدد کریں۔
  - جھوٹ بولنے اور غلط بیانی سے پرہیز کریں۔
  - دی گئی ذمے داری کو پوری ایمان داری سے انجام دیں۔
  - ہر جگہ اصول و ذمہ داری ضوابط اور قوانین کا خیال رکھتے ہوئے ان کی پابندی کریں۔

- انھیں بتائیں ایک اچھا شہری ہر وقت دوسروں کی مدد کے لیے تیار رہتا ہے۔ مثال کے طور پر کہیں کوئی قدرتی آفت آئے تو وہاں کے مقامی افراد کے لیے پانی، خوراک کی فراہمی میں حکومت کی مدد کرتا ہے۔
- صفحہ نمبر 13 پر دی گئی سرگرمی نمبر 3 کمرا جماعت میں کروائیں۔

**اعادہ** 3منٹ

اہم نکات کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** 5منٹ

- طلبہ سے پوچھیں: بطور طالب علم کن عمومی آداب کو اپنا کر آپ ایک اچھے شہری بن سکتے ہیں؟

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

**الفاظ ڈھونڈیں**

| معاشرہ | امن | تنازع | تنوّع | رواداری | شعور |
|---|---|---|---|---|---|

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | م | ن | پ | س | ن | د | ا | ت |
| ع | ع | ی | ن | ک | د | و | ع | ن |
| ت | ا | ش | ہ | ر | ا | ر | ت | ا |
| م | ش | ع | ت | ن | و | و | ع | ز |
| ا | ر | و | ا | د | ا | ر | ی | ع |
| د | ہ | ر | ب | ق | ل | و | ر | ی |

| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ___________ | ہفتہ: 5، دن: 2 | تاریخ: ___________ | وقت: 40 منٹ |

## سبق کا نام: شہریت اور انسانی حقوق (دہرائی)

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- شہری (Citizen)، عالمی شہری (Global Citizen) اور ڈیجیٹل / سائبر شہری (Digital/Cyber Citizen) کے تصور کی تعریف اور ان میں فرق کر سکیں۔
- بنیادی اِنسانی حقوق (Fundamental Human Rights) کی وضاحت کر سکیں۔
- حقوق (Rights) اور ذمہ داریوں (Responsibilities) میں فرق کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 10 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم سبق "شہریت اور انسانی حقوق" کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- طلبہ کو سبق کے متن کی پڑھائی کروائیں۔ اہم نکات دہرائیں۔
- سبق کے اہم نکات کی دہرائی کے بعد ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** 10 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

**ورک شیٹ** 20 منٹ

۱۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

i. شہریت کسے کہتے ہیں؟

______________________________________

______________________________________

ii. انسانی حقوق سے کیا مراد ہے؟

______________________________________

______________________________________

iii. روزمرہ زندگی کے کوئی سے تین آداب لکھیں۔

______________________________________

______________________________________

______________________________________

۲۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

i. ہر انسان کا پہلا بنیادی حق ہے:

- برابری کا
- آزادی کا
- زندگی کا
- تعلیم کا

ii. ڈیجیٹل شہری کا دوسرا نام ہے:

- عوامی شہری
- مفید شہری
- سائبر شہری
- سیاسی شہری

iii. ڈیجیٹل شہری کی ذمہ داری ہے:

- دوسروں کو سمجھنے کی کوشش کرنا
- ماحول کو ممکنہ حد تک صاف رکھنا
- اجازت کے بغیر دوسروں کے کام اور ذاتی معلومات کو ڈاؤن لوڈ یا باہمی اشتراک نہ کرنا
- قدرتی وسائل کو ضائع ہونے سے بچانے کی کوشش کرنا

۳۔ بطور پاکستانی آپ کے اہم فرائض کیا ہیں؟

______________________________________

______________________________________

______________________________________

______________________________________

______________________________________

| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____________ | ہفتہ: 5، دن: 3 | تاریخ: ____________ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: تنوع اور رواداری (دہرائی)

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- تنوع (Diversity) کی تعریف بیان کر سکیں اور معاشرے میں مختلف گروہوں کی اہم خصوصیات کی نشان دہی کر سکیں۔
- معاشرے کی خوش حالی میں تنوع کا کردار واضح کر سکیں۔
- رواداری (Tolerance) کی تعریف بیان کر سکیں۔
- معاشرتی اور ثقافتی فرق قبول کرتے ہوئے ایک دوسرے کے ساتھ آہنگی (Harmony) سے رہنے کی اہمیت کی وضاحت کر سکیں۔
- گھر اور محلے کی سطح پر ذاتی اور گروہی اختلافِ رائے کی وجوہات کی شناخت کر سکیں۔
- امن (Peace) اور تنازع (Conflict) کی اصطلاحات کی تعریف بیان کر سکیں۔
- وضاحت کر سکیں کہ رویوں کے فرق سے تنازع پیدا ہوتا ہے اور امن متاثر ہوتا ہے۔
- بات چیت (Discussion) کے ذریعے سے تنازعات (Conflicts) کو حل کر سکیں۔
- تمدنی شعور (Civic Sense) کو مثالوں کے ذریعے سے واضح کر سکیں مثلاً: ٹریفک کے قوانین (Traffic Rules)، ماحول کی صفائی، واش (Wash) وغیرہ۔
- عمومی آداب (Common Etiquettes) مثلاً: اخلاق و شائستگی، بڑوں کا احترام، دوسروں کی مدد، محنت کی عظمت اور نظم و ضبط وغیرہ کی شناخت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب۔ ورک شیٹ

## طریقہ تدریس: 10 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم سبق "تنوع اور رواداری" کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- طلبہ کو سبق کی پڑھائی کروائیں اور اہم نکات پڑھائیں۔
- سبق کے اہم نکات کی دہرائی کے بعد طلبہ کو بعد ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

## اعادہ: 10 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

**ورک شیٹ** **20منٹ**

ا۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

i. لوگوں میں آداب و اخلاقیات کا شعور کہلاتا ہے:

- تمدنی شعور
- امن
- تنازع
- رواج

ii. لوگوں کا ایک دوسرے سے رنگ، نسل، مذہب، زبان اور علاقے کے لحاظ سے مختلف ہونا کہلاتا ہے:

- رواداری
- مساوات
- تنوع
- انصاف

iii. امن کا عالمی دن ہر سال منایا جاتا ہے:

- 22 ستمبر
- 21 ستمبر
- 20 ستمبر
- 23 ستمبر

۲۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

i. تنوع کی تعریف کریں۔

____________________

____________________

ii. امن اور تنازع سے کیا مراد ہے؟

____________________

____________________

۳۔ باہمی تنازعات کو ختم کرنے کے طریقے لکھیں۔

____________________

____________________

____________________

____________________

____________________

____________________

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ___________ | ہفتہ: 6، دن: 1 | اُستاد کا نام: ___________ |

| سبق کا نام: پاکستان کی متنوع ثقافت (Diverse Culture of Pakistan) | باب دوم: ثقافت (Culture) |
| --- | --- |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ثقافت (Culture) کی تعریف کر سکیں اور اس کے اجزا بیان کر سکیں۔
- پاکستان کی متنوع ثقافت (Diverse Culture) کی پہچان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب،

## تحریکی سرگرمی: 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے پوچھیں ان کا تعلق کس علاقے سے ہے؟ کیا وہ وہاں کی روایات اور ثقافت کے بارے میں جانتے ہیں؟
- طلبہ کو ایک سوال نامہ دیں اور ہدایت دیں کہ اسے حل کریں۔
- پاکستان کا قومی لباس کیا ہے؟ ___________________________

  اپنے بارے میں لکھیں:

  - میرا نام___________ ہے۔
  - میرا تعلق___________ علاقے سے ہے۔
  - میری علاقائی زبان___________ ہے۔
  - مجھے کھانے میں___________ پسند ہے۔
  - میرا پسندیدہ لباس___________ ہے۔
- طلبہ کو باری باری جماعت کے سامنے بلائیں اور اپنا حل کردہ سوال نامہ سنانے کو کہیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 15 کے متن کی پڑھائی کروائیں۔

- انھیں بتائیں انسان معاشرے میں اکیلا زندگی نہیں گزار سکتا بلکہ معاشرے میں زندگی بسر کرنے کے لیے ایک دوسرے کی ضرورت پڑتی رہتی ہے جس کے لیے مختلف طرح کے لوگ آپس میں میل جول رکھ کر پُرامن معاشرے کا وجود قیام میں لاتے ہیں۔
- کسی بھی جگہ پر لوگوں کا آپس میں میل جول، رسم ورواج، مذہب، زبان اور رہن سہن وہاں کی ثقافت کہلاتا ہے۔
- پاکستان بھی ایک ایسا معاشرہ ہے جہاں ثقافتی تنوع پایا جاتا ہے۔ یہاں پنجابی، سندھی، بلوچی، کشمیری، پشتون اور گلگت بلتستانی ثقافتوں کے رنگ نمایاں نظر آتے ہیں۔
- پاکستان کے لوگ مختلف صوبوں اور علاقوں میں رہتے ہیں یہاں کے رہنے والے لوگوں کی ثقافت جیسا کہ زبان، لباس اور خوراک وغیرہ مختلف ہیں۔
- کسی بھی معاشرے میں مختلف ثقافتی گروہوں کی موجودگی ''متنوع ثقافت'' کہلاتی ہے۔
- صفحہ نمبر 19 میں دی گئی سرگرمی نمبر 1 کمرا جماعت میں کروائیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

- مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوال (i) اور (v) کا جواب طلبہ سے پوچھیں اور جواب کاپیوں پر لکھوائیں۔ درست جواب لکھنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا کام دہرائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ___________ | ہفتہ: 6، دن: 2 | اُستاد کا نام: ___________ |

| سبق کا نام: پاکستان کی متنوع ثقافت (Diverse Culture of Pakistan) | باب دوم: ثقافت (Culture) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ثقافت (Culture) کی تعریف کر سکیں اور اس کے اجزا بیان کر سکیں۔
- پاکستان کی متنوع ثقافت (Diverse Culture) کی پہچان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** **5منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- گزشتہ سبق کے اعادہ کے لیے طلبہ سے پوچھیں:

  الف: ثقافت سے کیا مراد ہے؟

  ب: متنوع ثقافت سے کیا مراد ہے؟
- طلبہ کو بتائیں کسی بھی قوم یا علاقے میں نسل در نسل جاری رہنے والے رویوں، علوم اور زیرِ استعمال اشیا کے مجموعے کو ثقافت کہتے ہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25منٹ**

- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 15 تا 16 'زبان'، 'لباس' اور 'پکوان' کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ثقافت میں انسان کے زبان، لباس، پکوان، طرزِ تعمیر، کھیل، فنون اور رسم و رواج وغیرہ شامل ہیں۔
- انھیں بتائیں ہر معاشرے کی اپنی ثقافت ہوتی ہے جو اسے دوسرے معاشروں سے منفرد بناتی ہے۔ علاقائی ماحول بھی ثقافت پر اثر انداز ہوتا ہے اس لیے ایک علاقے کی ثقافت دوسرے علاقے کی ثقافت سے مختلف ہوتی ہے اور وقت کے لحاظ سے بدلتی رہتی ہے۔
- بورڈ پر زبان کے نام کا فلیش کارڈ چسپاں کریں اس کے آگے نمایاں کر کے لکھیں پاکستان کی قومی زبان ___________ ہے۔ طلبہ سے اس کا جواب لیں۔

- انھیں بتائیں اُردو کے علاوہ مختلف صوبوں اور علاقوں میں مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں جنھیں علاقائی زبانیں کہتے ہیں۔
پنجابی، سندھی، پشتو، شینا، بلتی اور کشمیری چند علاقائی زبانیں ہیں۔اس کے بعد بورڈ پر لباس کا فلیش کارڈ چسپاں کریں اور اس کے سامنے لکھیں پاکستان کا قومی لباس ________ ہے۔ طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- طلبہ کو بتائیں مختلف موسموں اور روایات کے مطابق لوگ شلوار قمیص کو مختلف انداز میں زیب تن کرتے ہیں۔ جیسا کہ شہروں میں لوگ شرٹ اور پتلون جبکہ دیہی علاقوں میں دھوتی، کرتا اور لاچہ وغیرہ پہنتے ہیں۔اسی طرح صحرائی علاقوں میں خواتین غرارہ، قمیص اور لمبی چادر پہنتی ہیں۔
- بورڈ پر پکوان کا فلیش کارڈ چسپاں کریں اور طلبہ کو بتائیں ہر علاقے کے خاص پکوان ہوتے ہیں۔ مختلف علاقوں اور صوبوں میں مختلف کھانے پسند کیے جاتے ہیں۔

  جیسے پنجاب میں دہی، لسی، ساگ، پراٹھا اس کے علاوہ سبزیاں، دالیں، بریانی اور گوشت وغیرہ پسند کیے جاتے ہیں۔

  سندھ میں لوگ بریانی، نہاری اور کباب وغیرہ پسند کرتے ہیں۔

  خیبر پختون خوا کے مشہور کھانوں میں کابلی پلاؤ، چپلی کباب، افغانی روٹی مشہور ہیں جبکہ بلوچستان میں سجی اور دم پخت زیادہ کھائے جانے والے کھانے ہیں۔
- صفحہ نمبر 19 پر دی گئی سرگرمی نمبر 2 کمرا جماعت میں کروائیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ بیان کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

- طلبہ سے پوچھیں علاقائی زبانیں کسے کہتے ہیں؟ مشق سوال نمبر 2 کے پہلے سوال کا تفصیلی جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

**ورک شیٹ**

ا۔ پاکستان کے مختلف دیہی اور شہری علاقوں میں پہنے جانے والے لباس کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

۲۔ پاکستان میں بولی جانے والی مختلف علاقائی زبانوں کی فہرست بنائیں۔

۳۔ پاکستان کے مختلف علاقوں میں کھائے جانے والے کھانوں کی فہرست بنائیں۔

| صوبہ پنجاب | صوبہ سندھ | صوبہ خیبر پختون خوا | صوبہ بلوچستان |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 6، دن: 3 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: پاکستان کی متنوع ثقافت (Diverse Culture of Pakistan) | باب دوم: ثقافت (Culture) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ثقافت (Culture) کی تعریف کر سکیں اور اس کے اجزا بیان کر سکیں۔
- پاکستان کی متنوع ثقافت (Diverse Culture) کی پہچان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** **5منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے پوچھیں:

الف: علاقائی زبانوں سے کیا مراد ہے؟

ب: ساحل سمندر کے قریب رہنے والے لوگوں کی مرغوب غذا کیا ہے؟

ج: صحرائی علاقوں میں کیسا لباس زیب تن کیا جاتا ہے؟

- طلبہ کو بتائیں تہوار کسی بھی ملک/معاشرے کی ثقافت کا آئینہ دار ہوتے ہیں۔ یہ وہاں کے لوگوں کے باہمی میل جول اور روابط میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25منٹ**

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 16 ''میلے اور تہوار'' کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان میں مختلف قومی، مذہبی اور علاقائی تہوار بھرپور جوش و خروش سے منائے جاتے ہیں۔
- عیدین مسلمان کے مذہبی تہوار ہیں مسلمان 12 ربیع الاوّل کو جشن میلاد النبی خاتم النبیین ﷺ مذہبی عقیدت و احترام سے مناتے ہیں۔ دوسرے مذاہب کے تہواروں میں کرسمس، بیساکھی اور دیوالی وغیرہ اہم ہیں۔
- مذہبی تہواروں کے علاوہ ملک بھر میں علاقائی تہواروں کا بھی اہتمام ہوتا ہے جیسا کہ:
- جشنِ بہاراں، میلا مویشیاں، جشن نوروز، سبی میلہ، کالام میلہ وغیرہ۔
- جشنِ بہاراں کے تہوار میں رنگ برنگے پھولوں کی نمائش لگتی ہے۔

- جبکہ میلہ مویشیاں میں مختلف جانوروں کو ایک جگہ جمع کیا جاتا ہے لوگ ان جانوروں کو دیکھنے آتے ہیں اور ان کی خرید و فروخت کرتے ہیں۔
- اسی طرح عرس حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مادھو لال حسین رحمۃ اللہ علیہ، حضرت شاہ عبد الطیف بھٹائی رحمۃ اللہ علیہ بھی جوش و جذبے اور عقیدت و احترام کے ساتھ منائے جاتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں یہ تمام میلے اور تہوار اپنے اپنے علاقے کی ثقافت اور رسم و رواج اور روایات کی عکاسی کرتے ہیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

- سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔
- طلبہ کو بتائیں سبی میلہ بلوچستان کا مشہور تہوار ہے۔اس میلے پر مال و مویشی کی عارضی منڈی لگتی ہے اور علاقائی کھیل کود، لوک رقص منظرِ عام پر آتے ہیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

- بچوں کو باری باری جماعت کے سامنے بلائیں اور پاکستان کے کسی ایک تہوار کے بارے میں بتانے کے لیے کہیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

ا۔ آپ پاکستان کے کس علاقے سے تعلق رکھتے ہیں؟ اس علاقے کی چند ثقافتی خصوصیات بیان کریں۔

میرا تعلق ____________ سے ہے۔ میرے علاقے کی ثقافتی خصوصیات درج ذیل ہیں:

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ____________ | ہفتہ: 7، دن: 1 | اُستاد کا نام: ____________ |

| سبق کا نام: پاکستان کی متنوع ثقافت (Diverse Culture of Pakistan) | باب دوم: ثقافت (Culture) |
|---|---|

**مقاصد:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- مذہبی ہم آہنگی (Religious Harmony) کو بیان کر سکیں اور بتا سکیں کہ کس طرح اقلیتیں اپنے تہوار مناتی ہیں؟

**تدریسی معاونات:**

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو بتائیں آج کے سبق میں وہ مذہبی اور ثقافتی ہم آہنگی، اقلیتوں کے تہوار کے بارے میں پڑھیں گے۔
- طلبہ سے پوچھیں اقلیت سے کیا مراد ہے؟ ان کے تہواروں کے نام بتائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 17 سے ''مذہبی ہم آہنگی'' کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان ایک ایسا خطہ ہے جہاں دنیا کے بیشتر مذاہب کے لوگ آباد ہیں ان میں مسلمان، مسیحی، ہندو، سکھ، بدھ اور پارسی وغیرہ شامل ہیں۔ یہ سب قومیں اپنے اپنے عقائد اور رسم و رواج پر عمل کرتی ہیں اور تہوار مناتی ہیں۔ یہاں اقلیتوں کو برابری کی بنیاد پر بنیادی حقوق حاصل ہیں۔
- کرسمس مسیحیوں کا تہوار ہے وہ ہر سال یہ تہوار 25 دسمبر کو مذہبی جوش و جذبے سے مناتے ہیں۔ اس موقع پر وہ اپنی عبادت گاہیں سجاتے اور مذہبی تقریبات کا اہتمام کرتے ہیں۔
- سکھ اپنے نئے سال کا آغاز بیساکھی مناتے ہوئے کرتے ہیں اس موقع پر وہ اپنے مذہبی گیت گاتے اور موم بتیاں روشن کرتے ہیں۔
- ہندو مذہب میں دیوالی اور ہولی کے تہوار منائے جاتے ہیں۔ اقلیتیں ان تمام تہواروں پر تمام تر رسومات آزادانہ طور پر کرتے ہیں۔

**اعادہ** 3منٹ

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

- طلبہ سے پوچھیں مذہبی آہنگی سے کیا مراد ہے؟ان سے جوابات لیں۔درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا کام دہرائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ____________ | ہفتہ: 7،دن: 2 | اُستاد کا نام: ____________ |

| سبق کا نام: پاکستان کی متنوع ثقافت (Diverse Culture of Pakistan) | باب دوم: ثقافت (Culture) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان کے مختلف خطوں میں متنوع ثقافت کے احترام کا اظہار کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- گزشتہ سبق کے اعادہ کے لیے طلبہ سے پوچھیں:

الف: بیساکھی کس مذہب کا تہوار ہے؟

ب: مسیحیوں کے مذہبی تہوار کا نام بتائیں۔

- طلبہ کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔ انھیں بتائیں آج ہم "پاکستان کے مختلف خطوں میں متنوع ثقافت کا احترام" کے بارے میں پڑھیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 17 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان ایک کثیر الثقافتی ملک ہے۔ ہر گروہ کی ثقافت دلچسپ اور خوب صورت ہے مختلف علاقوں میں رہنے کے باوجود ان سب گروہوں میں کئی چیزیں مشترکہ ہیں یعنی یہ تمام لوگ آپس میں بات چیت کے لیے اُردو زبان استعمال کرتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان میں ثقافت کے مختلف انداز ہیں جیسے پنجابی، سندھی، بلوچی، کشمیری، خیبر پختون خوا اور گلگت بلتستان کی ثقافت وغیرہ۔
- ان تمام ثقافتی گروہوں میں ہم آہنگی پائی جاتی ہے اور تمام گروہ رواداری اور برداشت جیسے جذبات رکھتے ہیں اور ایک دوسرے کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں ہمارا تعلق پاکستان کے کسی بھی ثقافتی گروہ سے ہو، ہم سب پاکستانی ہیں۔ پاکستان ہمارا پیارا وطن ہے جہاں ہم آزادی سے زندگی بسر کر رہے ہیں۔
یہاں رواداری، امن اور بھائی چارے کی فضا قائم ہے۔ ہمیں فخر ہے کہ ہم پاکستانی ہیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

- مشق کے سوال نمبر (3) کو کتاب پر حل کروائیں اور طلبہ کو جانچیں کہ انھیں سبق کی کس حد تک سمجھ آگئی ہے۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ **20منٹ**

ا۔ پاکستان کے مختلف علاقوں کی ثقافت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے دیے گئے جدول کو مکمل کریں۔

| پکوان | لباس | زبانیں | تہوار اور میلے |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ____________ | ہفتہ: 7، دن: 3 | اُستاد کا نام: ____________ |

| سبق کا نام: پاکستان کی متنوع ثقافت (Diverse Culture of Pakistan) | باب دوم: ثقافت (Culture) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قوم (Nation) اور قومیت (Nationality) کی تعریف کر سکیں۔
- محبِ وطن (Patriotic) پاکستانی ہونے پر فخر کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے پوچھیں متنوع ثقافت کے بارے میں وہ کیا جانتے ہیں؟
- مختلف ثقافتی گروہوں میں ہم آہنگی ہونا کیوں ضروری ہے؟

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 17 تا 18 کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو قوم کی تعریف بتائیں قوم سے مراد کسی مخصوص علاقے یا ریاست میں رہنے والے لوگ ہیں یعنی لوگوں کا ایسا گروہ جو ایک مخصوص خطے یا علاقے میں رہتا ہو اور ان لوگوں کی اقدار، روایات، مفادات، مذہب اور ثقافت کی خصوصیات بھی مشترک ہوں، قوم کہلاتا ہے۔
- انھیں بتائیں پاکستانی قوم کی ایک خاص پہچان اور تاریخ ہے۔
- ان سے پوچھیں وہ قومیت کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ انھیں بتائیں قومیت وہ احساس ہے جو لوگوں میں مشترکہ زبان، مذہب یا نسل کی بنا پر پیدا ہوتا ہے۔
- کسی مخصوص ملک میں رہنے کی قانونی حیثیت بھی "قومیت" کہلاتی ہے۔
- طلبہ سے پوچھیں کیا انھیں پاکستانی ہونے پر فخر ہے؟ یقیناً ان کا جواب ہاں میں ہوگا۔
- انھیں بتائیں یقیناً ہمیں پاکستانی ہونے پر فخر ہونا چاہیے۔ اس کی چند ایک وجوہات کو بورڈ پر لکھیں جیسے:
    - پاکستان ایک اسلامی ریاست ہے۔

- ○ پاکستان اپنے طبعی خدوخال کی وجہ سے دنیا میں جانا جاتا ہے۔
- ○ پاکستان ایک ایٹمی طاقت ہے اور پاکستان کی فوج دنیا کی چھٹی مضبوط ترین فوج ہے۔
- ○ یہاں مسلمانوں کے ساتھ اقلیتوں کے حقوق کا بھی تحفظ کیا جاتا ہے۔

- ان تمام وجوہات کی بلند خوانی کروائیں اور خواندگی کروائیں تاکہ طلبہ جان سکیں کہ پاکستانی قوم کی حیثیت سے ہماری اپنی مخصوص شناخت ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

- پڑھائے گئے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

- طلبہ سے پوچھیں:

الف: قوم اور قومیت میں کیا فرق ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

**ورک شیٹ**

ا۔ کن وجوہات کی بنا پر آپ پاکستانی ہونے پر فخر محسوس کرتے ہیں؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 8، دن: 1 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: ذرائع ابلاغ (Means of Communication) | باب دوم: ثقافت (Culture) |
| --- | --- |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ذرائع ابلاغ (Means of Communication) کی تعریف کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی: 5منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے پوچھیں: آپ اپنی بات دوسروں تک پہنچانے کے لیے کون کون سی زبانیں بولتے اور لکھتے ہیں؟
- ٹیلی وژن پر کون سے پروگرام شوق سے دیکھتے ہیں؟
- طلبہ کو بتائیں آج ہم ذرائع ابلاغ کے بارے میں پڑھیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار: 25منٹ**

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 20 کے پہلے دو پیرا گراف کا متن پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں معاشرے میں مربوط اور منظم زندگی گزارنے کے لیے ہمیں اپنے اِرد گرد لوگوں سے رابطہ قائم رکھنا پڑتا ہے۔اس کے لیے خیالات، معلومات اور تصورات کا تبادلہ کرنے کے عمل کو ابلاغ کہتے ہیں۔
- انھیں بتائیں ہم روزمرہ زندگی میں اپنے خیالات ، معلومات اور اطلاعات کا تبادلہ ایک دوسرے سے کرتے ہیں اس مقصد کے لیے ہمیں کسی نہ کسی ذریعے کی ضرورت پڑتی ہے۔ ایسے تمام ذرائع جن کو استعمال کرتے ہوئے ہم اپنے خیالات کا تبادلہ کرتے ہیں ذرائع ابلاغ کہلاتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہم دنیا بھر کی معلومات ٹیلی وژن، انٹرنیٹ یا کتابوں سے حاصل کرتے ہیں۔ زبان، ٹیلی وژن، انٹرنیٹ ابلاغ کے ذرائع ہیں یہ تمام ذرائع ہماری زندگی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔
- طلبہ کو مختلف ذرائع ابلاغ کے تصویری فلیش کارڈز دکھائیں اور ان سے پرانے اور جدید میں فرق کے بارے میں بات چیت کریں۔
- صفحہ نمبر 24 پر دی گئی پہلی سرگرمی کمرا جماعت میں کروائیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

- طلبہ سے پوچھیں: ذرائع ابلاغ سے کیا مراد ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 8، دن: 2 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ثقافت (Culture) | سبق کا نام: پاکستان کی متنوع ثقافت (Diverse Culture of Pakistan) |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ذرائع ابلاغ (آرٹ، زبان، خطوط، پوسٹ کارڈ، ای میل، ریڈیو، ٹیلی وژن، انٹرنیٹ، موبائل فون، کمپیوٹر وغیرہ) کی شناخت کر سکیں اور اہمیت بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے ذرائع ابلاغ کے بارے میں پوچھیں۔ ان سے پوچھیں کہ وہ دوسروں تک اپنا پیغام کس طرح پہنچاتے ہیں؟ اور اس مقصد کے لیے کن ذرائع کا استعمال کرتے ہیں؟
- طلبہ کو بتائیں آج ہم فنونِ لطیفہ اور زبان کی اہمیت کے بارے میں پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 20 تا 21 ''فنونِ لطیفہ اور زبان'' کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں ذرائع ابلاغ کی اہمیت کے بارے میں بتائیں کہ ذرائع ابلاغ کی وجہ سے دُنیا ایک گلوبل ویلج کی شکل اختیار کر چکی ہے انھیں بتائیں آج کے جدید دور میں موثر اور تیز ترین ذرائع ابلاغ کی مدد سے ہم مختصر وقت میں ایک دوسرے سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔
- بورڈ پر قدیم دور کے آرٹ کی تصاویر چسپاں کریں اور طلبہ کو بتائیں فنونِ لطیفہ قدیم دور میں پیغام رسانی کا ذریعہ تھا زمانہ قدیم کے لوگ پڑھنا لکھنا نہیں جانتے تھے وہ غاروں اور پتھروں پر مختلف علامتی تصاویر کے ذریعے اپنے پیغامات کا تبادلہ کرتے تھے۔ انھیں بتائیں آرٹ دراصل لوگوں کے احساسات، خیالات اور تصورات کا علامتی اظہار ہے۔
- طلبہ سے پوچھیں پاکستان میں کون کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟ اور انھیں کتنی زبانیں بولنی آتی ہیں؟ جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- انھیں بتائیں زبان بھی ابلاغ کے ذرائع میں سے ایک ہے ہر شخص زبان کے الفاظ اور جملے بول کر با آسانی اپنا پیغام

دوسروں تک پہنچاتا ہے۔ دنیا میں تقریباً 6000 زبانیں بولی اور سمجھی جاتی ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں مختلف علاقوں میں مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں اور مختلف زبانیں مل کر نئی زبانوں کو جنم دیتی ہیں۔

**اعادہ** **3 منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **5 منٹ**

- سبق سے متعلق طلبہ کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے پوچھیں:

الف: پیغام رسانی کا قدیم ترین ذریعہ کون سا ہے؟

ب: دنیا میں کم و بیش کتنی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

ج: حصہ معروضی کا سوال نمبر 1 اور 2 کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2 منٹ**

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

**ورک شیٹ** **20 منٹ**

ا۔ درج ذیل ذرائع ابلاغ کے نام لکھیں۔








______________ ______________ ______________








______________ ______________ ______________

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ___________ | ہفتہ: 8، دن: 3 | اُستاد کا نام: ___________ |

| باب دوم: ثقافت (Culture) | سبق کا نام: ذرائع ابلاغ (Means of Communication) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ذرائع ابلاغ (آرٹ، زبان، خطوط، پوسٹ کارڈ، ای میل، ریڈیو، ٹیلی وژن، انٹرنیٹ، موبائل فون، کمپیوٹر وغیرہ) کی شناخت کر سکیں اور اہمیت بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** **5 منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ کو گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے پوچھیں:

  الف: ذرائع ابلاغ کے نام لکھیں۔

  ب: دنیا میں کون سی زبان سب سے زیادہ بولی جاتی ہے؟
- طلبہ کو بتائیں آج ہم ذرائع ابلاغ سے خطوط اور پوسٹ کارڈ کی اہمیت کے بارے میں پڑھیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25 منٹ**

- طلبہ کو صفحہ نمبر 21 پر متن ''خطوط اور پوسٹ کارڈ'' کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کیا انھوں نے اپنے کسی دوست یا رشتہ دار کو خط لکھا ہے؟
- انھیں بتائیں خط اور پوسٹ کارڈ پیغام رسانی کے پرانے ذرائع ہیں۔ ان کے ذریعے ایک فرد اپنے خیالات لکھ کر دوسروں تک پہنچاتا ہے اور ان کو ڈاک خانوں کے ذریعے بھیجا اور وصول کیا جاتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں پہلے زمانے میں ایک جگہ سے دوسری جگہ خطوط آنے جانے میں کافی وقت لگتا تھا لیکن آج کل ارجنٹ میل سروس کی مدد سے خط اور پارسل گھنٹوں یا ایک سے دو دن میں اپنی منزل پر پہنچا دیے جاتے ہیں۔
- انھیں بتائیں پوسٹ کارڈ بھی خط کی ہی ایک شکل ہے اس کا استعمال خوشی اور غموں کے موقع پر ہوتا ہے جیسے عید، سالگرہ، وفات وغیرہ۔ کارڈ کے ایک طرف پیغام پہنچانے والا پیغام لکھتا ہے جبکہ دوسری طرف جسے کارڈ بھیجنا ہو اس کا پتا لکھ دیا جاتا ہے اور ایک ڈاک ٹکٹ بھی چسپاں ہوتی ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

- طلبہ سے خط اور پوسٹ کارڈ کے بارے میں پوچھیں کہ ان کے کیا فوائد ہیں؟
- مشق کا سوال نمبر 1 طلبہ سے پوچھیں اور ان سے جوابات لیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا کام دہرائیں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ___________ | ہفتہ:9، دن:1 | تاریخ: ___________ | وقت:40 منٹ |

| باب دوم: ثقافت (Culture) | سبق کا نام: ذرائع ابلاغ (Means of Communication) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ذرائع ابلاغ (آرٹ، زبان، خطوط، پوسٹ کارڈ، ای میل، ریڈیو، ٹیلی وژن، انٹرنیٹ، موبائل فون، کمپیوٹر وغیرہ) کی شناخت کر سکیں اور اہمیت بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے پوچھیں پیغام رسانی کا تیز ترین ذریعہ کون سا ہے؟
- انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ فیکس اور ای۔ میل (ابلاغ کے ذرائع) کے بارے میں پڑھیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 21 تا 22 "فیکس اور ای۔ میل" کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو فیکس کے بارے میں بتائیں دراصل یہ دفتری اور کاروباری دستاویزات اور پیغامات کی ترسیل کا ذریعہ ہے۔
- بورڈ پر فیکس مشین کی تصویر چسپاں کریں۔ طلبہ کو بتائیں اہم دستاویزات کو فیکس مشین میں ڈالا جاتا ہے اور جہاں پہنچانا ہو اس جگہ کا فیکس نمبر ڈائل کیا جاتا ہے۔ دوسری فیکس مشین سے اس دستاویز کی کاپی نکل آتی ہے۔
- بورڈ پر لکھیں ای۔ میل (Electronic Mail)۔ طلبہ کو بتائیں ای۔ میل پیغام رسانی کا ایک جدید ذریعہ ہے۔
- طلبہ کو بتائیں ای۔ میل کے ذریعے چند سیکنڈ میں پیغام کو دنیا کے کسی بھی حصے میں بھیجا جا سکتا ہے۔ ای۔ میل میں تحریری پیغام کے علاوہ ویڈیو، تصاویر اور آڈیو پیغام بھی بھیجے اور وصول کیے جاتے ہیں۔

**اعادہ** 3منٹ

پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** 5منٹ

طلبہ سے پوچھیں:

الف:	ای۔ میل کس کا مخفف ہے؟

ب:	فیکس کا استعمال بتائیں۔

ج:	مشق کا سوال نمبر 3 کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ___________ | ہفتہ: 9، دن: 2 | تاریخ: ___________ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ثقافت (Culture) | سبق کا نام: ذرائع ابلاغ (Means of Communication) |
| --- | --- |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ذرائع ابلاغ (آرٹ، زبان، خطوط، پوسٹ کارڈ، ای میل، ریڈیو، ٹیلی وژن، انٹرنیٹ، موبائل فون، کمپیوٹر وغیرہ) کی شناخت کر سکیں اور اہمیت بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے اُن سے پوچھیں:
- ای۔ میل اور فیکس میں کیا فرق ہے؟
- طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25 منٹ

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 22 کا متن پڑھوائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کیا آپ ریڈیو پر کوئی پروگرام سنتے ہیں؟ ٹیلی وژن پر کون سا پروگرام آپ کا پسندیدہ ہے؟
- طلبہ کو بتائیں ریڈیو ابلاغ کی ایک پرانی قسم ہے ریڈیو کو آج بھی حالاتِ حاضرہ سے آگاہ رہنے اور موسم کے بارے میں معلومات کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
- طلبہ سے ریڈیو کے موجد کا نام پوچھیں۔ درست جواب دینے پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- انھیں بتائیں اس وقت پاکستان میں بہت سے ریڈیو اسٹیشن کام کر رہے ہیں جو مختلف علاقائی اور قومی زبانوں میں پروگرام نشر کرتے ہیں۔
- پاکستان میں ریڈیو نشریات کو "پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن" کنٹرول کرتا ہے۔

- طلبہ کو بتائیں ہم سب جانتے ہیں کہ ٹیلی وژن آواز کے ساتھ ساتھ رنگ برنگی تصویروں پر مبنی پروگرام پیش کیے جاتے ہیں۔ ٹیلی وژن کی جدید ترین شکلیں ایل سی ڈی (LCD) اور ایل ای ڈی (LED) ہیں جن کے ذریعے سے ہم پوری دنیا میں ہونے والے پروگرام اور واقعات گھر بیٹھے دیکھ سکتے ہیں۔
- انھیں بتائیں پاکستان میں ٹیلی وژن کی نشریات کا آغاز 1964ء میں ہوا۔

| **اعادہ** | **3منٹ** |
|---|---|

سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

| **جائزہ:** | **5منٹ** |
|---|---|

سوال نمبر 3 (حصہ معروضی) کتاب پر حل کروائیں۔

| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |
|---|---|

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

ا۔ جدید ذرائع ابلاغ نے کس طرح پیغام رسانی اور معلومات کا حصول تیز تر اور آسان بنا دیا ہے؟ واضح کریں۔

___________________________________

___________________________________

___________________________________

___________________________________

___________________________________

___________________________________

___________________________________

___________________________________

___________________________________

___________________________________

___________________________________

| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____________ | ہفتہ: 9، دن: 3 | تاریخ: ____________ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ثقافت (Culture) | سبق کا نام: ذرائع ابلاغ (Means of Communication) |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ذرائع ابلاغ (آرٹ، زبان، خطوط، پوسٹ کارڈ، ای میل، ریڈیو، ٹیلی وژن، انٹرنیٹ، موبائل فون، کمپیوٹر وغیرہ) کی شناخت کر سکیں اور اہمیت بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے سبق کی آمادگی کے لیے ان سے پوچھیں:

  الف: ریڈیو کا موجد کون تھا؟

  ب: پاکستان میں ٹیلی وژن نشریات کا آغاز کب ہوا؟
- طلبہ کو بتائیں آج ہم ذرائع ابلاغ کی اقسام (موبائل فون اور کمپیوٹر) کے بارے میں پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 23 کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں گراہم بیل کی ایجاد ٹیلی فون نے مواصلات کی دنیا میں ایک انقلاب برپا کر دیا۔ ٹیلی فون پر آواز کے ذریعے ہم ایک دوسرے سے رابطہ کرتے ہیں اور ہماری آواز مواصلاتی لہروں میں سفر کرتی ہوئی دوسرے شخص تک پہنچتی ہے۔
- طلبہ کو وضاحت کریں کہ موبائل فون، ٹیلی فون کی ایک جدید شکل ہے جو کہ برقی مقناطیسی لہروں (Electro-Magnetic Waves) کے ذریعے پیغام کو دوسرے فون تک پہنچاتا ہے۔
- اس کے اندر ایک چپ ہوتی ہے جو ''سم'' کہلاتی ہے۔ اس کے علاوہ مختلف سمارٹ فیچر اور ایپلی کیشنز کے ذریعے تفریح اور معاونت فراہم کی جاتی ہے۔

- طلبہ کو کمپیوٹر کا تصویری فلیش کارڈ دکھائیں ان سے پوچھیں کہ کیا انھوں نے کمپیوٹر کو روزمرہ زندگی میں استعمال ہوتے دیکھا ہے یقیناً اُن کا جواب ہاں ہو گا۔
- انھیں بتائیں آج کے دور میں کمپیوٹر تعلیمی مقاصد کے علاوہ ڈیپارٹمنٹل سٹورز اور فارمیسی میں حساب کتاب کے لیے، اسپتالوں، سکولوں، ریلوے اسٹیشنوں اور ہوائی اڈوں میں سیٹ ریزرویشن یا بکنگ کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔
- اس کے علاوہ کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کی مدد سے ہم مختلف ویب سائٹوں سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں ENIAC پہلا کمپیوٹر تھا جس کا وزن تقریباً 27 ٹن تھا۔

**اعادہ** **3 منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **5 منٹ**

مشق 5 سوال نمبر 2 کا پہلا سوال کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2 منٹ**

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

ا۔ آپ کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کو تعلیمی مقاصد میں کس طرح استعمال کرتے ہیں؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 10، دن: 1 | اُستاد کا نام: ________ |

## سبق کا نام: پاکستان کی متنوع ثقافت (دہرائی)

### مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ثقافت (Culture) کی تعریف کر سکیں اور اس کے اجزا بیان کر سکیں۔
- پاکستان کی متنوع ثقافت کی (Diverse Culture) پہچان سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب۔ ورک شیٹ

### طریقہ تدریس: 10 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم سبق "پاکستان کی متنوع ثقافت" کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- انھیں سبق کی پڑھائی کروائیں اور اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔
- سبق کے اہم نکات کی دہرائی کے بعد ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

### اعادہ: 10 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

### جائزہ:

N/A

### گھر کا کام:

N/A

### ورک شیٹ 20 منٹ

ا۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔

i. ثقافت سے کیا مراد ہے؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

ii. علاقائی زبانیں کسے کہتے ہیں؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

۲۔ دی ہوئی تصاویر کی شناخت کرتے ہوئے ہر ثقافتی گروہ کی ثقافت کے بارے میں لکھیں۔



زبان: ______________

لباس: ______________

خوراک: ______________

مذہب: ______________

تہوار: ______________




زبان: ______________

لباس: ______________

خوراک: ______________

مذہب: ______________

تہوار: ______________



زبان: ______________

لباس: ______________

خوراک: ______________

مذہب: ______________

تہوار: ______________



زبان: ______________

لباس: ______________

خوراک: ______________

مذہب: ______________

تہوار: ______________

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | پہلی سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ____________ | ہفتہ: 10، دن: 2 | اُستاد کا نام: ____________ |

| | سبق کا نام: پاکستان کی متنوع ثقافت (دہرائی) |
| --- | --- |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- مذہبی ہم آہنگی (Religious Harmony) کو بیان کر سکیں اور بتا سکیں کہ کس طرح اقلیتیں اپنے تہوار مناتی ہیں؟
- پاکستان کے مختلف خطوں میں متنوع ثقافت کے احترام کا مظاہرہ کر سکیں۔
- قوم اور قومیت (Nation and Nationality) کی تعریف کر سکیں۔
- محبِ وطن (Patriotic) پاکستانی ہونے پر فخر محسوس کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** **10منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم سبق "پاکستان کی متنوع ثقافت" کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- انھیں سبق کی پڑھائی کروائیں اور اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔
- سبق کے اہم نکات کی دہرائی کے بعد ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** **10منٹ**

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

# ورک شیٹ

20منٹ

۱۔ خالی جگہ پر کریں۔

i. پاکستان کی اکثریت ____________ ہے۔

ii. کرسمس ____________ کا تہوار ہے۔

iii. قومیت ایک ____________ اور جذبے کا نام ہے۔

iv. ____________ میں پاکستانی اپنی مثال آپ ہیں۔

v. پاکستان میں مختلف ____________ گروہ آباد ہیں۔

۲۔ متنوع ثقافت سے کیا مراد ہے؟

____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

۳۔ کن وجوہات کی بنا پر آپ پاکستانی ہونے پر فخر محسوس کرتے ہیں؟

____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
| اُستاد کا نام: ____________ | ہفتہ: 10، دن: 3 | تاریخ: ____________ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: ذرائع ابلاغ (دہرائی)

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ذرائع ابلاغ (Means of Communication) کی تعریف کر سکیں۔
- ذرائع ابلاغ (آرٹ، زبان، خطوط، پوسٹ کارڈ، ای میل، ریڈیو، ٹیلی وژن، انٹرنیٹ، موبائل فون، کمپیوٹر وغیرہ) کی شناخت کر سکیں اور اہمیت بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 10 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم سبق "پاکستان کی متنوع ثقافت" کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- انھیں سبق کی پڑھائی کروائیں اور اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔
- سبق کے اہم نکات کی دہرائی کے بعد ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** 10 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

## ورک شیٹ

20منٹ

۱۔ صحیح جواب کا انتخاب کریں اور '✓' کا نشان لگائیں۔

i. پاکستان کی قومی زبان ہے:

- اُردو
- انگریزی
- عربی

ii. آج پیغام رسانی کا تیز ترین ذریعہ ہے:

- ٹیلی وژن بغیر انٹرنیٹ کے
- ریڈیو
- موبائل فون

iii. پاکستان میں ٹیلی وژن نشریات کا آغاز ہوا:

- 1954ء
- 1964ء میں
- 1974ء میں

iv. کمپیوٹر ایجاد ہوا:

- اُنیسویں صدی میں
- بیسویں صدی میں
- اکیسویں صدی میں

۲۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔

i. ذرائع ابلاغ سے کیا مراد ہے؟

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

ii. مختلف ذرائع ابلاغ کے نام لکھیں۔

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

۳۔ ''کمپیوٹر اور انٹرنیٹ'' بطور بہترین ذرائع ابلاغ پر نوٹ لکھیں۔

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________